Tarjihaat
Volume: 1II
Issue: IX-X
ستمبر-اکتوبر ۲۰۲۳
Sept.Oct 2023
آن لائن ادبی رسالہ
ترجیحات
ISSN: 2583-0082

نورالدین نور غوری
گلبرگہ، کرناٹک، انڈیا

غــزل

چھوٹے بڑے عجیب ستمگر ہیں چاند میں
ہر سمت نابکار سے پتھر ہیں چاند میں

نسبت نہیں ہے اس کو بسنت و بہار سے
لیکن ادھورے خواب کے منظر ہیں چاند میں

ہر سمت ہر قدم پہ ہر اک گام چار سو
پیوست احتیاج کے خنجر ہیں چاند میں

ویرانگی عقب میں تو وحشت ہے روبرو
مجذوب ہے نہ کوئی قلندر ہے چاند میں

راحت کی اور نشاط کی بوندیں نہیں مگر
رنج والم کے نور سمندر ہیں چاند میں

***

9663435838۔
noorgulbargavi@gmail.com